بہاراسٹیٹ مدرسہ ایجوکیشن بورڈ، پٹنہ

Bihar State Madrasa Education Board

Apex Tower,Haroon Nagar Sector-2, Phulwari Sharif, Patna

مدارس کے اساتذہ کو ''ڈیٹال بنے گا سوستھ انڈیا'' پروگرام کی ٹریننگ 24 مارچ کو

ٹریننگ پروگرام میں شامل ہونے والے مدارس کے اساتذہ کی فہرست بورڈ کے ویب سائٹ پر اپلوڈ کردی گئی ہے: ڈاکٹر محمد نوراسلام

پٹنہ مورخہ 21 مارچ 2022ء

ڈاکٹر محمد نوراسلام معاون سکریٹری واکیڈمک انچارج بہاراسٹیٹ مدرسہ ایجوکیشن بورڈ نے جناب محمد سعید انصاری سکریٹری مدرسہ بورڈ کے حوالہ سے اطلاع دی ہے کہ جاگرن پہل کی جانب سے اور مدرسہ بورڈ کے تعاون سے مدارس ملحقہ میں ''ڈیٹال بنے گا سوستھ انڈیا'' صفائی نصاب چلایا جارہاہے۔اس پروگرام کا آغاز جناب محمد سعید انصاری سکریٹری بہاراسٹیٹ مدرسہ ایجوکیشن بورڈ پٹنہ کریں گے اور جناب ڈاکٹر ایس اے معین کنسلٹنٹ یونیسیف ومحترمہ ظہ بطول ریجنل ڈائرکٹر جاگرن پہل ٹریننگ پروگرام خطاب کریں گے۔پروگرام کا مقصد ہے کہ طلباوطالبات کے اندر صفائی کے تئیں بیداری پیدا کی جائی ہے، تاکہ وہ اپنے جسم، اسکول، گھر اورآس پاس کے ماحول کو صاف رکھنے میں اپنا تعاون پیش کریں۔ساتھ ہی اس پروگرام کے ذریعہ انہیں یہ بتایا جائے گا کہ صفائی ان کی زندگی میں کتنی اہمیت رکھتی ہے۔صفائی کو اسلام میں نصف ایمان مانا جاتا ہے۔طلباء و طالبات کو دنیاوی ودینی دونوں اعتبار سے صفائی کی اہمیت سے روشناس کرایا جائے گا تاکہ وہ صفائی کو اپنی زندگی کا حصہ بنالیں جس سے وہ خود تو اس سے مستفید ہوں گے ہی ساتھ ہی اپنے آس پڑوس اور اپنے اہل خانہ کو بھی اس کا فائدہ پہنچائیں گے۔اسی مقصد کی تکمیل کیلئے جاگرن پہل کی جانب سے خصوصی طور پر''صفائی ڈیجیٹل نصاب'' تیار کیا گیا ہے۔اس نصاب میں پانچ اہم موضوع پر اساتذہ کرام کو ٹریننگ دی جائے گی جو حسب ذیل ہیں۔(1)۔خود کی صفائی (2)۔مدارس کی صفائی (3)۔گھر کی صفائی (4)۔آس پڑوس کی صفائی (5)۔بیماری کے دوران صفائی۔یہ نصاب درجہ۔یکم سے ششم (1-6) تک کیلئے تیار کی گئی ہے۔اسے تین سطح پر طلباوطالبات کو پڑھایا جائے گا۔اس نصاب کے سلسلے میں پہلے مدارس کے اساتذہ کو اجتماعی طور پر ٹریننگ دی جائے گی۔تاکہ اساتذہ کرام باآسانی اس نصاب کو مدارس کے طلباء وطالبات کو پڑھاسکیں اور زیادہ سے زیادہ تعداد میں طلباو طالبات اس سے مستفید ہوں۔

ڈاکٹر محمد نوراسلام نے کہا کہ ٹریننگ مورخہ 24 مارچ 2022 کو بوقت 10:30 بجے سے 01:30 بجے تک آن لائن گوگل میٹ (Google Meet) کے توسط سے دی جائے گا۔ٹریننگ کے بعد تقریباً آدھا گھنٹہ گوگل فارم (Google Form) کے توسط سے بوقت 02:30 بجے سے 03:00 بجے تک ٹریننگ میں بتائے گئے نکات پر تحریری احتساب ہوگا۔مدارس کے اساتذہ کرام اس ٹریننگ پروگرام میں آن لائن شامل ہونے کیلئے پروگرام سے متعلق لنک ایک روز قبل یعنی 23 مارچ 2022ء کو ارسال کر دیا جائے گا۔

ڈاکٹر محمد نوراسلام اکیڈمک انچارج نے مزید اطلاع دی ہے کہ جن مدارس کے اساتذہ کرام کو اس ٹریننگ میں شامل ہونا ہے ان کی فہرست مدرسہ بورڈ کے ویب سائٹ۔www.bsmeb.org پر اپلوڈ کردی گئی ہیں۔اساتذہ کرام فہرست کے مطابق متعین تاریخ اور وقت پر اس ٹریننگ میں شریک ہوں اور ٹریننگ پروگرام کو کامیاب بنائیں۔تاکہ اس پروگرام سے مدارس کے طلباء وطالبات مستفید ہوں اوران کے تعاون سے ہمارا معاشرہ بھی فیضیاب ہو۔

21-03-2022

(اکیڈمک انچارج)

بہاراسٹیٹ مدرسہ ایجوکیشن بورڈ، پٹنہ